Imperial College Healthcare
NHS Trust

کینسر سروسز

# ہم کس طرح آپ کی مدد کے لئے موجود ہیں

## مریضوں، رشتہ داروں اور نگہداشت کنندگان کے لئے معلومات

Urdu version

## تعارف

یہ کتابچہ آپ اور آپ کے پیاروں کے لئے امپیریل کالج ہیلتھ کیئر NHS ٹرسٹ (ICHT) میں دستیاب سپورٹ کے بارے میں آپ کو معلومات دینے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ یہ اس بات کا خلاصہ فراہم کرتا ہے کہ آپ کس طرح ہماری سپورٹ اور مشورے تک رسائی لے سکتے ہیں اور ہماری مختلف ٹیمیں کس طرح مل کر کام کرتی ہیں۔
براہ مہربانی یاد رکھیں کہ ICHT میں آپ کی نگہداشت اور علاج کے پورے عمل کے دوران ہماری ٹیمیں آپ کے لئے موجود ہیں - نہ کہ محض آغاز میں۔ کوئی سوال بڑا چھوٹا نہیں ہوتا۔

# ہمارے ہسپتالوں کی معاونت

## میکملن نیویگیٹر سروس

میکملن نیویگیٹر سروس ICHT کے کینسر کے مریضوں اور ان کی فیملی، دوستوں اور نگہداشت کنندگان کے لئے ایک ٹیلیفون پر مبنی سروس ہے۔ اس کے نیویگیٹرز وہ پہلے اور واحد لوگ ہیں جن سے آپ کوئی بھی سوالات ہونے پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

ہماری نیویگیٹر ٹیم درج ذیل کام کر سکتی ہے:

- آپ کو اپائنٹمنٹس کے بارے میں معلومات فراہم کرنا
- اگر آپ کو معلوم نہ ہو کہ کس سے بات کرنی ہے تو آپ کو درست راہ رکھانا
- آپ کو آئندہ مریضوں کے گروپس اور ایونٹس کے متعلق آگاہ کرنا جنہیں میکملن سپورٹ سروس اور دیگر مقامی خیراتی اداروں اور تنظیموں کی طرف سے منعقد کیا جاتا ہے
- آپ کو آگاہ کرنا کہ آپ کہاں مشورے، مدد اور سپورٹ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں
- اگر آپ اپنے کینسر یا نگہداشت کے بارے میں کوئی کلینکل سوال کرنا چاہیں تو آپ کی کلینک نرس اسپیشلسٹ (CNS) کے ساتھ کال بیک کے لئے بکنگ کرنا

اگر آپ ہم سے کسی اور زبان میں بات کرنا چاہیں تو براہ مہربانی کال کرنے کے بعد نیویگیٹرز سے مترجم کی درخواست کریں۔

میکملن نیویگیٹر سروس پیر تا جمعہ 08:30 تا 16:30 دستیاب ہوتی ہے (بینک کی تعطیلات کے علاوہ)۔ یہ سروس جمعرات کو 14:00 تا 14:45 تربیت کے لئے بند ہوتی ہے۔

**اگر آپ کو فوری طبی توجہ کی ضرورت ہو یا بحران میں مبتلا ہوں تو براہ مہربانی نیویگیٹر سروس کو فون 90 <u>نہ کریں</u> - اس کے بجائے فوری مشورے کے لئے 111 یا 999 پر فون کریں۔**

**میکملن نیویگیٹر سروس: 0303 3313 020**

# کلینکل نرس اسپیشلسٹ (CNS)

بعض اوقات آپ کے CNS کو اسپیشلسٹ رنس، کی ورکر یا میکملن نرس کہا جاتا ہے۔
یہ وسیع تر کثیر شعبہ جاتی ٹیم (MDT) کے حصے کے طور پر کنسلٹنٹس،
آنکالوجسٹس، سرجنز اور کینسر سپورٹ ورکرز کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ شاید
جب آپ

کو بتایا گیا ہو کہ آپ کو کینسر ہے، تب آپ اپنے CNS سے ملے ہوں، یا شاید آپ اپنے
کلینک کی ابتدائی اپائنٹمنٹس میں سے کسی میں ان سے ملیں۔
آپ کا CNS آپ کے تمام کلینکل سوالات کے جوابات دینے اور آپ کی نگہداشت کے
دوران آپ کی سپورٹ کے لئے موجود ہوتا ہے۔ یہ آپ کو آپ کے کینسر کی تشخیص
اور آپ کے لئے دستیاب آتشنزکو سمجھنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ اگر آپ کے کوئی
سوالات ہیں یا کلینک کے اپائنٹمنٹس کے بارے میں فکرمند ہیں تو CNS سے بات
کرنے سے مدد مل سکتی ہے۔
آپ کا CNS آپ کو عملی مشورہ بھی فراہم کر سکتا ہے- جیسا کہ آپ بطور کینسر کے
مریض کس طرح مفت نسخے کی ادویات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں- اور دستیاب
جذباتی سپورٹ کے بارے میں بھی مشورہ دے سکتے ہیں۔ اگر آپ محسوس کریں کہ آپ
کے کینسر کی وجہ سے آپ کی ذہنی صحت اثر انداز ہوئی ہے تو آپ کا CNS آپ کو
ایسی خدمات کی تجویز دے سکے گا جو شاید مددگار ہوں وہ سپورٹ گروپس، ایپس یا
براہ راست بات سننے کی خدمات کی تجویز دے سکتے ہیں یا کسی اسپیشلسٹ ٹیم،
جیسے ہماری سائیکو آنکالوجی ٹیم کے حوالے کے متعلق مشورہ دے سکتے ہیں۔
آپ میکملن نیویگیٹر سروس کو کال کر کے اپنے CNS سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
نیویگیٹرز آپ کے سوالات نوٹ کریں گے اور آپ کی CNS کے ساتھ کال کی بکنگ کر
دیں گے تاکہ یقینی ہو سکے کہ ان کے پاس آپ سے بات کرنے کا وقت وقف ہو۔ اکثر
کال بیکس اسی ہفتے میں ممکن ہوتی ہیں۔
آپ کا CNS ایک CNSs کی ٹیم کا حصہ ہوتا ہے، تو آپ ہمارے زیر نگہداشت رہتے
ہوئے ایک سے زائد CNS سے بات کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو معلوم نہیں کہ آپ کا
CNS کون ہے تو نیویگیٹر سروس آپ کی مدد کر سکتی ہے۔

# مجموعی ضروریات کا تجزیہ (HNA)

HNA آپ اور کسی CNS یا کینسر سپورٹ ورکر کے درمیان گفتگو ہوتی ہے، جس میں ہم بطور فرد آپ کے بارے میں جانتے ہیں۔ یہ آپ کے لئے ہمیں یہ بتانے کا ایک اور موقع ہے کہ آپ کو کس سپورٹ کی ضرورت ہے۔

HNA صرف کینسر کی جسمانی علامات یا علاج کے ضمنی اثرات کے بارے میں نہیں ہے بلکہ آپ کی تمام ضروریات یا خدشات کے بارے میں ہے۔ مثال کے طور پر شاید آپ اپنے مالی حالات کے بارے میں فکرمند ہوں، اپنے جسم کے بارے میں مختلف محسوس کریں یا کینسر کی وجہ سے اپنے مذہب کے بارے میں سوالات کرنا چاہیں۔ HNA اس متعلق بات چیت کرنے کا موقع ہے کہ آپ کے لئے کیا اہم ہے اور ہمیں یہ یقینی بنانے میں مدد دیتا ہے کہ ہم آپ کی بہترین معاونت کیسے کر سکتے ہیں۔

آپ کو تقریباً تشخیص کے وقت اور پھر جب آپ علاج شروع یا ختم کریں گے تو HNA پیش کیا جائے گا۔ آپ کے اضافی HNA کی درخواست کرنے اور نیویگیٹر سروس کے ذریعے اس کی درخواست کرنے کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔

## سائیکو آنکالوجی ٹیم

سائیکو آنکالوجی ٹیم کینسر سے متاثرہ افراد اور ان کے شریک حیات، فیملی یا نگہداشت کنندگان کے لئے اسپیشلسٹ نفسیاتی نگہداشت کی سروس پیش کرتی ہے۔ یہ ٹیم کلینکل ماہرین نفسیات اور کاؤنسلرز پر مشتمل ہے جو ذہنی صحت کی سپورٹ اور تھیراپیوٹک رائے فراہم کر سکتے ہیں۔

یہ ٹیم کینسر سے متعلق مشکلات سے گزرنے والے لوگوں کے ساتھ کام کرتی ہے، جیسا کہ:

- اینگزائٹی، پینک (شدید اضطراب) یا فکر جس کو ہینڈل کرنا مشکل ہو
- اکثر اداسی یا ڈپریشن محسوس کرنا
- کینسر کے علاج کے بارے میں فیصلے کرنے یا اس سے گزرنے میں مشکلات
- تعلقات کی مشکلات، مثلاً شریک حیات کے ساتھ، فیملی میں یا ہسپتال کے عملے کے ساتھ
- جسم کے متعلق احساسات یا جنسی مشکلات

اگر آپ سمجھیں کہ سائیکو آنکالوجی کے ساتھ کام کر کے آپ کو فائدہ ہو گا تو براہ مہربانی اپنے CNS سے بات کریں جو مناسب ہونے پر آپ کو اس سروس کے پاس بھیج سکتے ہیں۔

# میکملن کینسر کی معلومات کی سپورٹ سروس

ہمارے ٹرسٹ میں میکملن کینسر کی معلومات کی سپورٹ سروس کینسر سے متاثرہ تمام افراد کو جذباتی، عملی اور مالی سپورٹ اور معلومات فراہم کرتی ہے۔

ٹیم آپ کی بات سننے اور آپ کی سپورٹ کے لئے موجود ہے، خواہ آپ کے ذہن میں کوئی مخصوص سوال ہو یا آپ کو یہ بھی معلوم نہ ہو کہ آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔ ٹیم وقت نکال کر آپ کو جانے گی تاکہ معلوم ہو سکے کہ آپ کے لئے واقعی کیا اہم ہے اور آپ کو کینسر کی درست سپورٹ فراہم کی جا سکے۔
آپ ہمارے دو مراکز میں سے کسی میں بھی آمنے سامنے سپورٹ تک رسائی لے سکتے ہیں یا ٹیم سے فون یا ای میل کے ذریعے بات کر سکتے ہیں۔ آپ کو اپائنٹمنٹ کی ضرورت نہیں اور آپ جتنی مرتبہ چاہیں، اتنی مرتبہ ٹیم سے بات کر سکتے ہیں – خواہ یہ ایک مرتبہ کی بات چیت ہو یا جاری گفتگو ہو۔
یہ سروس کئی ہفتہ وار آن لائن مریضوں کے گروپ بھی چلاتی ہے جو ایک آرام دہ ماحول میں دیگر مریضوں سے کینسر کے بارے میں بات کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ ہر ہفتے آنا لازمی نہیں ہے – آپ اپنے شیڈول کے مطابق جب چاہیں آ سکتے ہیں۔
میکملن وظائف کا مشیر بھی آپ کو ممکنہ طور پر دستیاب اضافی مالی امداد اور وظائف کے بارے میں مخصوص مشورہ پیش کر سکتا ہے۔

یہ سروس پیر تا جمعرات دستیاب ہے، بینک کی تعطیلات کے علاوہ۔
ہمارے مراکز ذیل میں واقع ہیں:
-چارنگ کراس ہسپتال، مرکزی لفٹس کے ساتھ
-ہیمرسمتھ ہسپتال، گیری ویسٹن سنٹر میں

مزید معلومات کے لئے براہ کرم ہمیں **020 3313 5170** پر کال کریں اور پیغام چھوڑیں یا**imperial.macmillansupportservice@nhs.net** پر ای میل کریں۔

# دیگر کارآمد سپورٹ

## میگیز ویسٹ لندن

میگیز ایک کینسر کا خیراتی ادارہ ہے جو کینسر میں مبتلا افراد اور ان کی فیملی اور دوستوں کو جذباتی، عملی اور سماجی سپورٹ فراہم کرتا ہے۔ یہ سنٹر خوبصورت فن تعمیر، پرسکون مقامات، سپورٹ کے عملے کی پیشہ ور ٹیم اور اسی طرح کے تجربات سے گزرنے والے لوگوں کی کمیونٹی سے بات کرنے اور تجربات کا اشتراک کرنے کی اہلیت کو یکجا کرتا ہے۔ میگیز سنٹرز اپنائیت بھرے، ملنسار اور غیر رسمی جگہیں ہیں جو روشنی اور کھلی جگہ کے حامل ہیں، اس عمارت کے مرکز میں ایک بڑی سی کچن ٹیبل ہے۔

میگیز ویسٹ لندن چارنگ کراس ہسپتال کے احاطے میں واقع ہے لیکن ہمارے ہسپتال سے خود مختار ہے۔ یہ سنٹر پیر تا جمعہ 09:00 تا 17:00 کھلا ہے۔ مزید معلومات کے لئے براہ مہربانی **020 7386 1750** پر کال کریں۔

## میں اپنے وزٹ کے بارے میں تبصرہ کیسے کروں؟

ہم بہترین ممکنہ سروس کی فراہمی کا عزم رکھتے ہیں اور عملہ آپ کے تمام سوالات کے بخوشی جوابات دے گا۔ اگر آپ کے وزٹ کے بارے میں آپ کی کوئی تجاویز یا تبصرے ہوں تو براہ مہربانی عملے کے رکن یا بات کریں یا مریضوں کے مشورے اور رابطے کی سروس ( (PALS**020 3312 7777** پر رابطہ کریں ) 10.00 – 16.00، (پیر تا جمعہ . آپ PALS کو imperial.pals@nhs.net پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔ PALSٹیم آپ کی تشویشات، تجاویز یا سوالات سنے گی اور اکثر آپ کی طرف سے مسائل حل کرنے کے لئے مدد کر سکتی ہے۔

متبادل طور پر شاید آپ ہمارے شکایات کے ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کر کے شکایت کرنا چاہیں:

Complaints department, fourth floor, Salton House, St Mary's Hospital, Praed Street

London W2 1NY

ای میل: ICHC-tr.Complaints@nhs.net

ٹیلیفون: **020 3312 1337 / 1349**

## متبادل فارمیٹس

درخواست کیے جانے پر یہ کتابچہ بڑے پرنٹ یا ایزی ریڈ، آواز کی ریکارڈنگ، بریل یا متبادل زبانوں میں فراہم کیا جا سکتا ہے۔ براہ مہربانی مواصلت کی ٹیم کو ای میل کریں: imperial.communications@nhs.net

## وائی فائی

ہمارے ٹرسٹ میں وائی فائی دستیاب ہے۔ مزید معلومات کے لئے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں: www.imperial.nhs.uk

کینسر سروسز
شائع کردہ: جولائی 2023
نظر ثانی کی تاریخ: جولائی 2026
حوالہ نمبر: 5158
©امپیریل کالج ہیلتھ کیئر NHS ٹرسٹ